**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

**مورخہ 27.04.2025**

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
| --- | --- | --- |
| 01 | درحقیقت بہتر معیشت ہی اچھی سیاست کی علامت ہے، گورنر بلوچستان۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | وزیراعلیٰ کا آریان کی والدہ کی اپیل کا نوٹس بچے کی میت کی بھارت سے واپسی تک رہنمائی ومدد فراہم کی جائے، سرفراز بگٹی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | پہلگام واقعے کی جانبدرانہ تحقیقات کے لیے پاکستان مکمل تعاون کرے گا بھارتی ایجنسی رااور بی ایل اے میں کوئی فرق نہیں بلوچستان میں ہونے والی دہشت گردی میں راملوث ہے، محسن نقوی۔ | انتخاب ودیگراخبارات |
| 04 | نثار کھوڑو پر حملے میں ملوث عناصر کو گرفتار کیا جائے، علی حسن زہری۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | وزیرخزانہ سے مینا مجید باباغلام رسول کی ملاقات ائندہ بجٹ پر تبادلہ خیال۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | بلوچستان میں قومی شہراؤں کی توسیع منصوبے کا جلد آغاز ہوگا، سلیم کھوسہ۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | حکومت بلوچستان صحت کے شعبے میں آصلاحات کے لیے پرعزم ہے، حاجی نور محمد دمڑ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | ریکوڈک کمپنی نے 10 انجینئرز کو تربت کے لیے بیرون ملک بھیج دیا۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | صحت کے شعبے میں غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، اے ڈی سی کوئٹہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | پولیو کا مکمل خاتمہ اجتماعی کاوشوں کا متقاضی ہے انسدادی مہم کامیابی سے جاری ہے، ڈی سی کوئٹہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | بلوچستان کی گاڑیوں کے لیے اسمارٹ کارڈ کے اجرا کا حتمی فیصلہ، سیکرٹری ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | آئین کی بالادستی اور جمہور کی حکمرانی کے لیے جدوجہد جاری رہے گی پشتونخوا میپ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | پشتون خوااور بلوچستان میں دہشت گردی مسلط کردہ ہے، اے این پی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | خصوصی بچے معاشرے میں سب سے زیادہ نظرانداز ہونے والا طبقہ ہے، مالک بلوچ۔ | جنگ ودیگراخبارات |

**امن وامان:**

وندر پولیس کی کارروائی منشیات فروش گرفتار 230 گرام چرس برآمد، بھاگ سیاہ کاری کے الزام میں بہن قتل، اوستہ محمد مسلح افراد کی کاشتکار کی 12 سالہ بچی سے زیادتی، ڈیرہ مراد جمالی کے قریب ہندو تاجر کو اغوا کرلیا گیا، اوستہ محمد غیرت کے نام پر شوہر کے ہاتھوں بیوی کا قتل۔

**مسائل:**

خضدار بیٹی کے اغوا میں ملوث نامزد ملزموں کو گرفتار کیا جائے درخاتون۔

**مورخہ 27.04.2025**

**اداریہ:**

روزنامہ بلوچستان ٹائم نے "Unchecked profiteering" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**سونے کے ذخائر قیمتی پتھر اور دھاتیں** " کے عنوان س فرحت جاوید بی بی سی اردو نے مضمون تحریر کیا ہے۔

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**پاکستان معدنیات کی عالمی کانفرنس 2025 کا کامیاب انعقاد**" کے عنوان سے شیر دل خان نے مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے "**بلوچستان لہ قومی شاہراہیں خونی شاہراہوں میں تبدیل**" کے عنوان سے سید خلیل الرحمٰن کوئٹہ نے مضمون تحریر کیا ہے۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 27 APR 2025

Page No. 1


## لیتھوانیا قونصل خانے کا قیام خوش آئند، سفارتی تعلقات کا آغاز ہے، گورنر مندوخیل

**خطے پر مثبت اثرات مرتب ہونگے، تجارتی روابط بڑھانے کے خواہاں ہیں، کراچی میں افتتاحی تقریب سے خطاب**

کراچی (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ کراچی میں جمہوریہ لیتھوانیا کے قونصل خانے کا قیام خوش آئند اقدام ہے اور یہ سنگ میل دونوں ممالک پاکستان اور لیتھوآینا کے درمیان سفارتی تعلقات کے ایک نئے باب کا آغاز ہے جس کے خطے پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے، لیتھوانین قونصلیٹ جنرل کی افتتاحی تقریب میں پاکستان میں تعینات لیتھوانیا کے سفیر (Mr. Ricardas Degitis) اور نئے مقرر کردہ قونصل جنرل کی شرکت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہوں اور توقع رکھتا ہوں کہ وہ دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے کیلئے اپنی مہارت اور وژن کو بروئے کار لائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کراچی میں جمہوریہ لیتھوانیا کے قونصلیٹ جنرل کے قیام سے متعلق منعقدہ افتتاحی تقریب کے شرکاء سے خطاب میں کیا۔ واضح رہے کہ افتتاحی تقریب میں پاکستان میں تعینات لیتھوانیا کے سفیر (Mr. Ricardas Degitis) اور نئے مقرر کردہ اعزازی قونصل جنرل (Abdul Ghani Dadabhoy) کے زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد بھی شریک تھے۔ شرکاء سے خطاب میں گورنر جعفر خان مندوخیل نے جمہوریہ لیتھوانیا کے نئے تعینات ہونے والے قونصل جنرل کو بھی دلی مبارکباد پیش کی اور توقع ظاہر کی کہ وہ دونوں ممالک کو ایک دوسرے کے قریب لانے میں اہم کردار ادا کریں گے، گورنر مندوخیل نے کہا کہ یہ ایک تسلیم شدہ حقیقت ہے کہ اچھی معاشیات ہی اچھی سیاست ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## درحقیقت بہتر معیشت ہی اچھی سیاست کی علامت ہے، گورنر بلوچستان

**اقتصادی تعاون اور باہمی تعلقات کے ذریعے ہم ترقی، اختراع اور تعاون کیلئے نئی راہیں کھول سکتے ہیں، جعفر خان مندوخیل**

**کراچی میں نئے لیتھوانین قونصل خانے کا قیام دونوں ممالک کے عوام کے درمیان پل اور ڈائیلاگ، تجارت وتعاون میں سہولت فراہم کریگا**

**ایک روشن مستقبل کی تعمیر کا منتظر ہوں" گورنر کا قونصلیٹ جنرل کی افتتاحی تقریب سے خطاب اور نئے لیتھوانین قونصل جنرل کو مبارکباد**

کراچی (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ سندھ کے صوبائی دارالحکومت کراچی میں جمہوریہ لیتھوآنیا کے قونصل خانے کا قیام خوش آئند اقدام ہے اور یہ سنگ میل دونوں ممالک پاکستان اور لیتھوآینا کے درمیان سفارتی تعلقات کے ایک نئے باب کا آغاز ہے جس کے پورے خطے........ بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے لیتھوانین قونصلیٹ جنرل کی افتتاحی تقریب میں پاکستان میں تعینات لیتھوآنیا کے سفیر (Mr. Ricardas Degitis) اور نئے مقرر کردہ قونصل جنرل کی شرکت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہوں اور توقع رکھتا ہوں کہ وہ دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے کیلئے اپنی مہارت اور وژن کو بروئے کار لائیں گے. ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کے روز کراچی میں جمہوریہ لیتھوانیا کے قونصلیٹ جنرل کے قیام سے متعلق منعقدہ افتتاحی تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا. واضح رہے کہ افتتاحی تقریب میں پاکستان میں تعینات لیتھوآنیا کے سفیر (Mr. Ricardas Degitis) اور نئے مقرر کردہ اعزازی قونصل جنرل (Abdul Ghani Dadabhoy) سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد بھی شریک تھے. شرکاء سے خطاب میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے جمہوریہ لیتھوآنیا کے نئے تعینات ہونے والے قونصل جنرل کو بھی دلی مبارکباد پیش کی اور توقع ظاہر کی

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 2

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | اتوار 28 شوال 1446ھ 27 اپریل 2025ء صفحات 24 | شمارہ 299

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

وزیراعلیٰ کا آریان کی والدہ کی اپیل کا نوٹس

# بچے کی میت و لواحقین کی بھارت سے واپسی تک رہنمائی و مدد فراہم کی جائے، سرفراز بگٹی

حکومت بلوچستان انڈیا سے میت کی پاکستان واپسی کیلئے وزارت خارجہ سے رابطہ اور تمام انتظامات کو حتمی شکل دیدی ہے، ترجمان

ڈیڈ باڈی کی واپسی سمیت لواحقین کی سفری سہولیات کیلئے تمام فضائی اخراجات بھی حکومت بلوچستان اپنی ذمہ داری پر ادا کر رہی ہے، شاہد رند

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بھارت میں زیر علاج انتقال کر جانے والے بچے آریان کی والدہ کی اپیل کا نوٹس لیتے ہوئے فوری اقدامات کی ہدایت جاری کر دی ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند کے مطابق حکومت بلوچستان نے......

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

انڈین ہسپتال میں آریان کے علاج و معالجے کے تمام اخراجات ادا کر دیے ہیں شاہد رند نے مزید بتایا کہ حکومت بلوچستان نے آریان کی میت اور لواحقین کی پاکستان واپسی کیلئے وزارت خارجہ سے رابطہ کر لیا ہے اور اس ضمن میں تمام انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے ترجمان کے مطابق آریان کی ڈیڈ باڈی کی واپسی سمیت لواحقین کی سفری سہولیات کیلئے تمام فضائی اخراجات بھی حکومت بلوچستان اپنی ذمہ داری پر ادا کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان لواحقین سے مسلسل رابطے میں ہے اور ان کی ہر ممکن معاونت فراہم کی جا رہی ہے تاکہ اس مشکل وقت میں انہیں کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے آریان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے لواحقین سے دلی تعزیت کی ہے انہوں نے صوبائی حکام کو ہدایت کی ہے کہ آریان کی میت اور لواحقین کی وطن واپسی تک تمام مراحل میں مکمل رہنمائی اور ہر ممکن مدد فراہم کی جائے۔

Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1081 QUETTA Sunday April 27, 2025 /Shawwal 28, 1446

# Bugti responds to appeal over child's death in India, ensures government support

**Staff Report**

**QUETTA**: Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti has taken notice of the appeal of the Aryan's mother, who died during treatment in India on Saturday

Balochistan government spokesperson Shahid Rind said that on the special directive of Chief Minister, the Balochistan government has paid all the expenses of the Indian hospital,

He said that the Balochistan government has contacted the Ministry of Foreign Affairs for the return of the family members to Pakistan,

Shahid Rind noted that arrangements have been finalized for the return of Aryan's dead body and family members from India saying that the Balochistan government is also paying all the air expenses.

He said that the government is in constant contact with the family members and is providing all possible assistance.

Chief Minister Balochistan Mir Sarfaraz Bugti expressed his condolences and sorrow over the death of Aryan, he said and added that the CM has instructed the provincial authorities to provide all necessary assistance to the return of Aryan's dead body and family members until the return of the family members.Shahid Rind said that the CM has directed for complete guidance and assistance in all matters.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 27 APR 2025 Page No. 6

وطن عزیز کی سالمیت پر کوئی آنچ نہیں آنے دینگے امن کی خواہش کو کمزوری نہ سمجھا جائے پاکستان کی افواج ہمہ وقت چوکس اور کسی بھی چیلنج سے نمٹنے کیلئے تیار ہیں، وزیراعظم

# بھارتی ایجنسی "را" اور بی ایل اے میں کوئی فرق نہیں

## پہلگام واقعہ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کیلئے پاکستان مکمل تعاون کریگا

## بلوچستان میں ہونے والی دہشتگردی میں را ملوث ہے، محسن نقوی

پاکستان ایک ذمے دار ریاست ہے اور کسی بھی طرح کے دباؤ اور دھمکیوں کو ہرگز قبول نہیں کرے گا، پانی پاکستان کی بقا کا مسئلہ ہے اور اس پر کسی قسم کا سمجھوتا ممکن نہیں ہے، شہباز شریف کا خطاب

غیر جانبدار عالمی کمیٹی بنائی جائے، بلوچستان اور کے پی میں ہونیوالی دہشت گردی میں بھارت کے ملوث ہونے کے ثبوت غیر جانبدار تحقیقاتی کمیٹی کو دینے کیلئے تیار ہیں، وزیر داخلہ

پاکستان کا معاشی استحکام بھارت سے ہضم نہیں ہو رہا، دنیا کو دیکھنا ہوگا سب سے بڑی جمہوریت کا دعویٰ کرنے والا ملک کس طرح دہشت گردی کی آڑ میں اپنے اہداف حاصل کر رہا ہے، پریس کانفرنس

پہلگام واقعے کی تحقیقات یورپی اور پڑوسی ممالک سے کروالیں، سلامتی کونسل کے ممبر ممالک کو اس معاملے کے حل کے لیے دعوت دی جا سکتی ہے، وزیر دفاع خواجہ آصف کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (ازاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پانی ہماری لائف لائن ہے، بھارت نے مہم......

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

جوئی کی تو 2019ء کی طرح منہ توڑ جواب ملے گا۔ ہم پہلگام واقعے کی غیر جانبدار تحقیقات میں تعاون کیلئے تیار ہیں۔ پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول میں پاسنگ آؤٹ پریڈ کی پر وقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ ہماری مسلح افواج تنظیم، اتحاد اور قومی مفاد کی تکمیل اور عزم کا نشان ہیں۔ پاکستان کی مسلح افواج اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی وجہ سے ایک نام رکھتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان عالمی امن کے قیام کے لیے اپنی ذمے داریوں سے مکمل آگاہ ہے۔ اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق اپنی ذمے داریاں پوری کرتے رہیں گے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ افغانستان کے ساتھ تعلقات کے حوالے سے نائب وزیراعظم نے کابل کا دورہ کیا۔ افغانستان کے ساتھ پرامن اور مستحکم تعلقات چاہتے ہیں۔ افغان حکومت فتنہ الخوارج کے ہاتھوں اپنی سرزمین کا استعمال روکے۔ شہباز شریف نے بھارت کے ساتھ کشیدہ صورت حال کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے۔ یہ عالمی سطح پر متنازع علاقہ ہے۔ کشمیری عوام کو حق خودارادیت دینا ہوگا۔ پاکستان نے ہمیشہ ہر قسم کی

دہشتگردی کی مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان نے بھاری جانی اور مالی نقصان اٹھایا۔ دہشتگردی کے ناسور کے خاتمے کے لیے پاکستان سے زیادہ کسی کی قربانیاں نہیں۔ ہمارے ہمسایہ ملک کی طرف سے بغیر ثبوت پاکستان پر الزام تراشی کی گئی۔ وزیراعظم نے کہا کہ پہلگام واقعے پر بے بنیاد الزامات کا سلسلہ شروع کیا گیا۔ پاکستان پہلگام واقعے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات میں تعاون کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے دو ٹوک موقف اختیار کرتے ہوئے کہا کہ پانی ہماری لائف لائن ہے، اس پر کوئی سمجھوتا نہیں ہو سکتا۔ پاکستان اپنی سلامتی اور خودمختاری کا ہر قیمت پر تحفظ کرے گا۔ کوئی مہم جوئی ہوئی تو فروری 2019 کی طرح منہ توڑ جواب دیں گے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ پاکستان کا پانی روکنے کی ہر کوشش کا قومی طاقت سے جواب دیں گے۔

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے پاکستان نے پہلگام میں ہونیوالے حملے کی شفاف......

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

تحقیقات کیلئے بھارت کو پیش کش کردی، جعفر آباد اور پہلگام واقعے کی شفاف تحقیقات کیلئے عالمی ماہرین کی کمیٹی تشکیل دی جائے، پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر داخلہ نے کہا بی ایل اے اور "را" ایک ہی ہیں، بلوچستان اور کے پی میں ہونے والی دہشت گردی میں بھارت کے ملوث ہونے کے ثبوت غیر جانبدار تحقیقاتی کمیٹی کو دینے کیلئے تیار ہیں، پاکستان کا معاشی استحکام بھارت سے ہضم نہیں ہو رہا، دنیا کو دیکھنا ہوگا سب سے بڑی جمہوریت کا دعویٰ کرنے والا ملک کس طرح دہشت گردی کی آڑ میں اپنے اہداف حاصل کر رہا ہے، دنیا کو سمجھنا پڑے گا دہشت گرد کون ہے اور کس طرح سے اپنے اہداف کو حاصل کر رہا ہے، پاکستان کا براہ راست یا کسی بھی قسم کی دہشت گردی سے کوئی تعلق نہیں، محسن نقوی نے واضح کیا کشمیر کے معاملے پر پاکستان اپنے موقف پر کھڑا ہے اور مطالبہ ہے اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق متنازع مسئلے کا حل نکالا جائے، کشمیر میں جو آزادی کی تحریک چل رہی ہے وہ مقامی لوگوں کی اپنی تحریک و جدوجہد ہے، 3 روز میں 160 آئی ای ڈی دھماکوں کو ناکام

بنایا، پاکستان میں ہونے والے واقعات کی بھارت نے کبھی مذمت نہیں کی، پہلگام حملے پر بھارت کو تحقیقات کیلئے پیشکش کردی کیونکہ پاکستان ڈرامے کو بے نقاب کرے گا اور دنیا کے علم میں لائے گا اصل حقائق کیا ہیں، واقعہ کی ایف آئی آر 10 منٹ کے اندر درج ہونا اچنبھے کی بات ہے کیونکہ جائے حادثہ کو 2، 4 گھنٹوں کیلئے بند کردیا جاتا ہے۔ دوسری جانب۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ہماری طرف سے آفر ہے کہ پہلگام واقعے کی بالکل تحقیقات کرائیں اور ان تحقیقات میں یورپی ممالک اور پڑوسی ممالک کے لوگ شامل کرلیں۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے پروگرام سینٹر اسٹیج میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے آفر کی ہے کہ ہمیں کوئی اعتراض نہیں کہ انٹرنیشنل کمیونٹی پہلگام واقعے کی تحقیقات کرے۔

CLIPPING SERVICE


# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1    Dated: 27 APR 2025    Page No. 5


## نثار کھوڑو پر حملے میں ملوث عناصر کو گرفتار کیا جائے، علی حسن زہری

**شر پسندوں نے اپنی سیاسی تربیت کا مظاہرہ کیا، واقعہ قابل مذمت اور ناقابل برداشت ہے، صوبائی وزیر**

کوئٹہ (پ ر) صوبائی وزیر زراعت میر علی حسن زہری نے پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کے صدر نثار احمد کھوڑو پر سکھر میں ہونے والے حملے اور ان کا راستہ روکنے کے واقعے کی مذمت کی ہے۔ بیان میں میر علی حسن زہری نے کہا کہ شر پسند عناصر نے نثار احمد کھوڑو کا راستہ روک کر اپنی سیاسی تربیت کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ جمہوری اقدار، بردباری اور سیاسی رواداری کا علم بلند رکھا ہے، ایسی حرکتیں نہ صرف سیاسی ماحول کو آلودہ کرتی ہیں بلکہ ایک غلط روایت کو جنم دیتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر آپ کے لئے یہ قابل برداشت نہیں کہ کل آپ کے رہنماؤں کا راستہ بند ہو، تو آج صبر کریں اور قانون و جمہوریت کا احترام کریں۔ انہوں نے قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا کہ واقعہ کی فوری تحقیقات اور ذمہ دار عناصر کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

## وزیر خزانہ سے مینا مجید، بابا غلام رسول کی ملاقات، آئندہ بجٹ پر تبادلہ خیال

**آئندہ بجٹ میں عوامی فلاح و بہبود کی نوعیت کی سکیمات شامل کرنے پر اتفاق، ترقیاتی ترجیحات پر گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے مشیر برائے امور نوجوانان مینا مجید بلوچ اور مشیر برائے محنت و افرادی قوت بابا غلام رسول نے ملاقات کی۔ ملاقات میں سیاسی امور، صوبے کی ترقی اور آئندہ مالی سال 2025-26 کے بجٹ سے متعلق اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران صوبے کی ضروری نوعیت کے معاملات، بالخصوص ترقیاتی ترجیحات پر گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر آئندہ بجٹ میں صوبے میں امن و امان، صحت، تعلیم اور نوجوانوں کے امور کو خصوصی اہمیت دینے پر زور دیا گیا، مشیر امور نوجوانان مینا

اہلکاروں نے گزشتہ چند دنوں کے دوران مختلف علاقوں سے سینکڑوں کشمیری نوجوان گرفتار کر لیے ہیں۔ ضلع بانڈی پورہ میں بھارتی فوجیوں کے ہاتھوں ایک نوجوان کے دوران حراست قتل کے خلاف سینکڑوں لوگ احتجاج کیلئے سڑکوں پر نکل آئے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی فوجیوں نے الطاف لالی نامی نوجوان کو گھر سے گرفتاری کے بعد جمعہ کے روز ضلع کے علاقے کلنار میں ایک جعلی مقابلے میں شہید کیا۔ شہید نوجوان کے اہل خانہ نے بتایا کہ فوجیوں نے الطاف کو واقعے سے دو روز قبل گھر سے اٹھایا تھا۔

## بلوچستان میں قومی شاہراہوں کی توسیع منصوبے کا جلد آغاز ہوگا، سلیم کھوسہ

**وفاقی و صوبائی حکومتیں عوام کو دہلیز پر سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں، محکمے کی بہتری کیلئے اقدامات اٹھا رہے ہیں، صوبائی وزیر مواصلات**

**عوام نے ایوان تک پہنچایا ہم اپنے حلف کے پابند، کسی صورت اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائیں گے، وفود سے ملاقات میں گفتگو**

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ موجودہ وفاقی و صوبائی حکومتیں عوامی مسائل کا حل اور ان کی دہلیز پر سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں محکمہ تعمیرات و مواصلات کی بہتری کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہے ہیں بلوچستان بھر کی قومی شاہراہوں کی توسیع کیلئے جلد ہنگامی بنیادوں پر کام آغاز کیا جائے گا، یہ .......... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح ہے کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل انکی دہلیز پر حل کئے جائیں تا کہ عوام کو ہر قسم کا ریلیف مل سکے کیونکہ عوام نے پر اعتماد کر کے ایوان تک پہنچایا ہم بھی اپنے حلف کے پابند ہیں اور کسی صورت عوام کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائیں گے انہوں نے کہا کہ بلوچستان بھر کی قومی شاہراہوں تعمیر و توسیع کیلئے وفاقی حکومت کے تعاون سے جلد کام آغاز کیا جائے گا

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 27 APR 2025 Page No. 6


# حکومت بلوچستان صحت کے شعبے میں اصلاحات کیلئے پرعزم ہے، حاجی نور محمد دمڑ

## شہریوں کو علاج کی معیاری سہولیات فراہم کرنے کیلئے وزیر اعلیٰ و وزیر صحت کی ٹیم بھرپور کام کر رہے ہیں، صوبائی وزیر خوراک

**ہر شعبہ زندگی میں صوبے کے عوام کو ہر ممکن سہولت مہیا کرنے کیلئے پرعزم ہیں، حلقہ انتخاب کیلئے آئندہ بجٹ میں اسکیمات شامل کریں گے**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ نے نجی کا دورہ کیا اس موقع پر عزیز اللہ دمڑ، اور عرفان اللہ دمڑ بھی ہمراہ تھے صوبائی وزیر نے آریا ہسپتال کے ہیڈ سے ملاقات کی ایم ایس نے صوبائی وزیر کو ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کرایا جہاں انہوں نے مریضوں کی حالت، فراہم کی جانے والی سہولیات اور طبی عملے کی کارکردگی کا جائزہ لیا انہوں نے ہسپتال میں مختلف شعبہ جات کے ساتھ ساتھ صفائی ستھرائی کا بھی معائنہ کیا جس پر تمام عملہ کی تعریف کی صوبائی وزیر خوراک نے ڈاکٹرز اور طبی عملے کے کارکردگی کو سراہا جبکہ ایمرجنسی صورتحال میں ڈاکٹروں کی کارکردگی قابل ستائش ہے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان صحت کے شعبے میں اصلاحات اور بہتری کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے تاکہ ہر شہری کو معیاری علاج اور سہولیات میسر آسکیں صوبائی وزیر خوراک نے یہ بھی کہا کہ اس جدید اقدام کا مقصد مریضوں کو ادویات کی بروقت، شفاف اور معیاری فراہمی کو یقینی بنانا ہے تاکہ صحت کی سہولیات کو مزید مؤثر اور مربوط بنایا جا سکے آخر میں نجی ہسپتال کے ہیڈ نے صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ کا شکریہ ادا کیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 27 APR 2025

Page No. 8

# آئین کی بالادستی و جمہوری حکمرانی کیلئے جدوجہد جاری رہیگی، پشتونخوامیپ

## ناکام پالیسیوں سے ملک کو کھوکھلا کر دیا گیا، قوموں کے حقوق کی جدوجہد جاری رہے گی، رحیم زیارتوال، ڈاکٹر حامد و دیگر کا خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے زیر اہتمام عظیم الشان احتجاجی ریلی میٹرو پولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے سبزہ زار سے نکالی گئی جس کوئٹہ شہر کے عدالت روڈ، قندھاری بازار، باچاخان چوک پر گشت کیا اور آخر میں منان شہید چوک پر احتجاجی جلسے میں تبدیل ہوئی ۔ جس کی صدارت پشتونخوامیپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے کی ۔ احتجاجی جلسے سے عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی سیکرٹریز ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، عبدالحق ابدال، صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز صورت خان کاکڑ، منان خان بڑیچ، پشتونخوا لائرز فورم کے سیکرٹری اسد خان اچکزئی ایڈووکیٹ اور پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے مرکزی آرگنائزر سیف اللہ کاکڑ نے خطاب کیا۔ احتجاجی جلسہ صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز سردار حیات خان میرزئی، نظام عسکر، ملک عمر کاکڑ، اقبال خان بے زئی، حفیظ ترین، ضلع سینئر معاون سعید خان کاکڑ، ولی بریالی، نصیر احمد کاکڑ، ضلع اطلاعات سیکرٹری فیصل کاکڑ ضلع ایگزیکٹیوز اور ضلع کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔ اس سے قبل تحصیل صدر کا جلوس تحصیل سیکرٹری نعیم پیر علیزئی، سینئر معاون سیکرٹری راحت خان بازئی، تحصیل سٹی کا جلوس تحصیل سیکرٹری منان نصرت اور سینئر معاون سیکرٹری شکور افغان، تحصیل کچلاک کا جلوس تحصیل سیکرٹری ملک نادر کاکڑ، تحصیل سریاب کا جلوس تحصیل سیکرٹری نیاز بڑیچ اور سینئر معاون سیکرٹری سید عبدالخالق آغا کی قیادت میں میٹروپولیٹن کارپوریشن میں داخل ہوا۔

# پشتون خوا اور بلوچستان میں دہشت گردی مسلط کردہ ہے، اے این پی

## 30 اپریل کو پشین بازار میں احتجاجی جلسہ دوررس اثرات کا حامل ہوگا، رہنماؤں کا خطاب

پشین (پ ر) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ پشتون خوا اور بلوچستان میں دہشت گردی مسلط کردہ ہے تاکہ یہاں کے وسائل کو لوٹا جاسکے، خنائی بابا پشین میں رونما ہونیوالے واقعہ اسی سلسلے کی کڑی ہے، مائنز اینڈ منرل ایکٹ وسائل اور زمینوں کو قبضہ کرنے صوبے میں سیاسی کارکنوں کو جس بے جا میں رکھنے سیاست اور میڈیا پر قدغن کے خلاف پشتون مترقی جمہوری ملت پال جماعتوں کے زیر اہتمام 30 اپریل کو پشین بازار میں احتجاجی جلسہ دوررس اثرات کا حامل رہیگا، کارکن اور ذمہ داران بھرپور شرکت کو یقینی بنائیں۔ ان خیالات کا اظہار عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی ایڈیشنل سیکرٹری جنرل عبیداللہ عابد ضلعی صدر اصغر علی ترین صوبائی ایڈیشنل جنرل سیکرٹری عبدالباری کاکڑ صوبائی آفس سیکرٹری عصمت داوی محمد صادق کاکڑ حاجی عبدالخالق کاکڑ کاجان باری غرشین نیک محمد طوغی وال وحید خان محراب خان اور دیگر نے باچاخان مرکز پشین میں بنیادی یونٹ صدور جنرل سیکرٹریز سنیئر ارکان سے خطاب میں کیا۔ اجلاس زیر صدارت ضلعی صدر اصغر علی ترین ہوا۔ اجلاس میں پشتون ملت پال جماعتوں کے زیر اہتمام احتجاجی جلسے کی تیاریوں کے بارے میں تفصیل سے غور وخوض ہوا اور متعدد فیصلے کئے گئے۔ مقررین نے کہا کہ اس وقت پشتون بلوچ اقوام تاریخ کے نازک دور سے گزر رہی ہے، وسائل پر اختیار نہ ہونے کی وجہ سے یہاں کی اقوام میں احساس بیگانگی میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے انہوں نے پشین کے اولس سے اپیل کی کہ وہ 30 اپریل کے احتجاجی جلسے میں شرکت کر کے وطن دوستی قوم دوستی کا ثبوت دیں جبکہ پارٹی کارکن بھرپور شرکت کو یقینی بنائیں۔

MASHRIQ QUETTA

# خصوصی بچے معاشرے میں سب سے زیادہ نظرانداز ہونیوالا طبقہ ہے، مالک بلوچ

## خصوصی بچوں کی فلاح، نگہداشت اور سماجی شمولیت کیلئے فوری اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے، قائد نیشنل پارٹی

## مکران کے ہر خصوصی بچے کیلئے امید، شفاء و مواقع سے بھرپور ایک مرکز کا خواب دیکھ رہے ہیں جسے جلد پورا کریں گے، پرانی DHDC عمارت کیچ کا دورہ

## ہماری پارٹی تعلیمی اداروں کی بہتری و طلبہ کیلئے سازگار ماحول کے قیام کی حامی رہی ہے، پرنسپل ماڈل ہائی سکول تربت سے گفتگو

تربت (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے ضلع کیچ میں واقع پرانی DHDC عمارت کا دورہ کیا۔ یہ دورہ ڈسٹرکٹ ٹیچنگ ہسپتال تربت شعبہ اطفال کی سربراہ اور ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر مصباح منیر اور سینئر ماہر اطفال و خصوصی بچوں کے بحالی مرکز کے فوکل پرسن ڈاکٹر اقبال کی دعوت پر کیا گیا تاکہ جسمانی و ذہنی معذور بچوں کیلئے ایک ممکنہ بحالی مرکز کے قیام کیلئے جگہ کا جائزہ لیا.........

بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

جاسکے اس موقع پر ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز ڈاکٹر اسلم آزار ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر رؤف بلوچ بھی ہمراہ تھے ٹیم نے عمارت کا تفصیلی معائنہ کیا، مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا، اور قریبی نرسنگ کالج کا بھی دورہ کیا جہاں انہوں نے عملے کے مسائل اور تحفظات سنے رکن صوبائی اسمبلی نے ڈاکٹر مصباح منیر اور ان کی ٹیم کی اس انسان دوست اور وقت کی ضرورت پر مبنی تجویز کو سراہتے ہوئے کہا کہ خصوصی بچے ہمارے معاشرے کا سب سے زیادہ نظر انداز کیا جانے والا طبقہ ہے انہوں نے ان بچوں کی فلاح، نگہداشت اور سماجی شمولیت کے لئے فوری اقدامات کی ضرورت پر زور دیا انہوں نے اس عظیم مقصد کیلئے اپنی مکمل حمایت اور تعاون کا یقین دلایا اور کہا کہ وہ اس مرکز کے قیام کو حقیقت بنانے کیلئے ہر ممکن کوشش کریں گے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 27 APR 2025 Page No. 9


## اوستہ محمد، مسلح افراد کی کاشتکار کی 12 سالہ بچی سے زیادتی

**بے ہوشی کی حالت میں پھینک کر فرار، پولیس کی بروقت کارروائی ملزم گرفتار، انصاف فراہم کیا جائے، والدین**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) اوستہ محمد کے علاقے میں کاشتکار کی 12 سالہ بچی زیادتی کا شکار، مسلح افراد جنسی زیادتی کے بعد بے ہوشی کی حالت میں اسے پھینک کر فرار ہو گئے۔ پولیس نے بروقت کارروائی کر کے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ایس ایچ او کیٹل فارم ندیم احمد بہرانی کے مطابق اوستہ محمد کے علاقے میں مسلح افراد نے کاشتکار کی 12 سالہ بچی کو جھانسہ دیکر ویرانی جگہ لیکر اپنی زیادتی کا نشانہ بنانے کے بعد بے ہوشی کی حالت میں متاثرہ بچی کو پھینک کر فرار ہو گئے، پولیس نے قریبی آبادی کی نشاندہی پر اصل ملزم کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کرلیا۔ درایں اثنا متاثرہ بچی کے والدین نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ پولیس کے علاوہ آج تک کسی نے ہمارے ساتھ کوئی تعاون نہیں کیا اور علاقے کی اہم شخصیات ہمیں انصاف دینے کی بجائے ملزم کی پشت پناہی کررہی ہیں، انہوں نے کہا کہ ملزم کو عبرت ناک سزا دیکر ہمیں انصاف فراہم کیا جائے۔

## ڈیرہ مراد جمالی کے قریب ہندو تاجر کو اغواء کرلیا گیا

**ستیل کمار اپنی گاڑی میں ڈیرہ مراد جمالی آرہا تھا، پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کرلی**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب معروف ہندو تاجر کو اغوا کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق پولیس تھانہ کی حدود میں پیرو پل کے مقام پر معروف ہندو تاجر ستیل کمار اپنی گاڑی میں ڈیرہ مراد جمالی آرہا تھا کہ راستے میں نامعلوم اغوا کار اسے اغوا کر کے فرار ہو گئے واقع کے بعد پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کردی تاہم کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔

## بھاگ، سیاہ کاری کے الزام میں بہن قتل

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) بھاگ کے علاقے میں سیاہ کاری کے الزام میں بھائی نے فائرنگ کر کے اپنی بہن کو قتل کردیا اور فرار ہو گیا پولیس نے ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کردی۔ کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔

## اوستہ محمد: غیرت کے نام پر شوہر کے ہاتھوں بیوی قتل

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) اوستہ محمد میں رجب علی نامی شخص نے سیاہ کاری کے الزام میں اپنی بیوی مسمات (ث) کو بے دردی سے چاقو کے وار سے قتل کردیا پولیس نے بروقت کارروائی کر کے ملزم کو آلہ قتل سمیت گرفتار کرلیا جبکہ لاش ضروری کارروائی کے بعد لواحقین کے حوالے کردی گئی۔


MASHRIQ QUETTA


## وندر، پولیس کی کارروائی، منشیات فروش گرفتار، 230 گرام چرس برآمد

**ایس ایس پی فاضل شاہ بخاری کی ہدایت پر وندر پولیس کی کامیاب کارروائی، ملزم گرفتار**

وندر (یو این اے) وندر پولیس کی کارروائی منشیات برآمد ملزم گرفتار مقدمہ درج کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ایس ایس پی حب سید فاضل شاہ بخاری کی خصوصی ہدایت پر ڈی ایس پی وندر محمد جان ساسولی کی زیرنگرانی میں ایس ایچ او وندر انسپکٹر قاضی صابر نے اپنی پولیس ٹیم اور ڈام چوکی انچارج نعیم اقبال کے ہمراہ ڈام میں کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروش ملزم امیر بخش ولد سومار سکنہ بیلہ حال ڈام کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضے سے 230 گرام چرس برآمد کرلی۔ ملزم کے خلاف پولیس تھانہ وندر میں مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کردی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 27 APR 2025 Page No. 10

# خضدار: بیٹی کے اغوا میں ملوث نامزد ملزموں کو گرفتار کیا جائے، درخاتون

## ایک گرفتار ملزم کو تفتیش کی بجائے مہمانوں کی طرح رکھا گیا ہے، پولیس پس وپیش سے کام لے رہی ہے، پریس کانفرنس

خضدار (نامہ نگار) کانک کی رہائشی خاتون درخاتون نے خاندان کی دیگر خواتین کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ 7 اپریل کی شب تقریباً چھ مسلح افراد ہمارے گھر میں داخل ہوکر میری 16 سالہ بیٹی نصرت بی بی کو اغواء کرکے اپنے ساتھ لے گئے دیگر خواتین کو تشدد کا نشانہ بنایا گھر سے موبائل وغیرہ بھی اٹھا کر لے گئے اس دوران کھینچا تھانی کے دوران ایک ملزم کے چہرے سے نقاب اترا جس کی ہم نے آیف آئی آر پولیس تھانہ خضدار میں درج کی پولیس نے نامزد ایک ملزم کو ہماری نشاندہی پر گرفتار کرلیا ہے مگر انہیں تھانے میں مہمانوں کی طرح رکھا گیا ہے ان سے تفتیش ہورہی ہے اور نہ ہی پولیس مغویہ کو بازیاب کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ میری بیٹی کے اغواء کو 20 دن گزر گئے ہیں ہم سخت پریشانی سے دو چار ہیں پولیس خصوصاً ایس ایچ او سٹی کی مبینہ جانبداری اور ملزم سے نرم رویہ رکھنے کی وجہ سے ہماری کم سن بیٹی نصرت بازیاب نہیں ہو پا رہی آیف آئی آر میں نامزد ملزم صدام و دیگر ملزمان کو پولیس گرفتار کرنے میں پس وپیش سے کام لے رہی ہے انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان، آئی جی پولیس ڈی آئی جی پولیس قلات رینج اور ایس ایس پی خضدار سے مطالبہ کیا کہ گرفتار ملزم سے تفتیش کرکے مغویہ کو بازیاب کروایا جائے بصورت دیگر کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر غیر معینہ مدت تک دھرنا دینگے انہوں نے کہا کہ ایف آئی آر میں نامزد ملزمان بااثر ہیں پولیس ان کے خلاف موثر کاروائی نہیں کررہی جس کی وجہ سے خدشہ ہے کہ ہماری بچی کو نقصان نہ پہنچایا جائے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6  Dated: 27 APR 2025  Page No. 11

# Unchecked profiteering

The relentless tide of inflation has already cast a dark shadow over the lives of ordinary citizens in Balochistan, squeezing household budgets and eroding purchasing power. In these already challenging times, the blatant and widespread violation of officially mandated price control lists by shopkeepers across Quetta and other parts of the province represents not just an economic transgression, but a profound betrayal of public trust. This unchecked profiteering is exacerbating the miseries of the masses, pushing essential commodities further out of reach and fostering a climate of despair. The fundamental purpose of price controls is to provide a safety net for vulnerable populations, ensuring access to basic necessities at affordable rates. The government and the respective administrations formulate these lists after careful consideration of market dynamics and the economic realities faced by the populace. Yet, the brazen disregard for these regulations by a significant segment of the retail sector paints a grim picture of governance and enforcement. The situation with the price of bread, a staple food for the majority, serves as a stark illustration of this systemic failure. Despite the administration's efforts to fix the price of roti, tandoor owners in Quetta and beyond are reportedly selling it at their own inflated rates, effectively rendering the official price list meaningless. Besides this the quality of bread as well as its weight is also compromised which is great injustice with consumers. There is no proper check and balance on other items such as vegetables, milk and other essential commodities which is a huge burden upon the shoulders of poor people. This open defiance not only undermines the authority of the state but also directly impacts the daily sustenance of countless families who rely on affordable bread. Are these essential food providers operating outside the purview of law, or is there a glaring lack of will and capacity to enforce the regulations? The excuses offered by some shopkeepers, often citing rising input costs and supply chain disruptions, cannot entirely justify the extent of the price gouging witnessed. While genuine economic pressures exist, the scale of the violations suggests opportunistic profiteering at the expense of the consumer. It speaks to a lack of ethical business practices and a culture where the pursuit of maximum profit trumps any sense of social responsibility. It is prime responsibility of the government and its administration to ensure and implement official price list and make all shopkeepers bound to follow it. The authorities concerned must not show any negligence in this connection at all.

